## سوال

(90) پیشانی پر سجدہ کی وجہ سے پڑھنے والا کالا نشان بزرگی کی علامت ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا پیشانی پر سجدہ کی وجہ سے پڑھنے والا سیاہ نشان بزرگی کی علامت ہے ؟ ہمارے ہاں اسے نیکی کی علامت تصور کیا جاتا ہے ۔ وضاحت فرمائیں ۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ نشان جلد کے نرم یا سخت ہونے کی وجہ سے جلدی یا دیر سے پڑتا ہے ، بعض ایسے شخص بھی ہیں جو پکے نمازی اور لمبے لمبے سجدے کرتے ہیں لیکن ان کی پیشانی پر نشان نمودار نہیں ہوتا، کچھ لوگ ایسے بھی دیکھنے میں آئے ہیں کہ وہ پیشانی پر پتھر رگڑ کر اس قسم کا نشان ڈال لیتے ہیں تاکہ لوگوں میں ان کی ''بزرگی'' مشہور ہو، ہمارے نزدیک یہ نشان بزرگی کی علامت نہیں ہے بلکہ چہرے کا نور، حسن خلق اور انشراح صدر وغیرہ بزرگی کی علامت بن سکتی ہے ۔ نمازی کو ان عادات کو اختیار کرنا ہوگا ۔ خواہ پیشانی پر نشان پڑے یا نہ پڑے ، اس کی طرف اتنی توجہ دینے کی ضرورت نہیں ہے ۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اصحاب الحدیث

## جلد:3، صفحہ نمبر:106

## محدث فتویٰ